# زیور کا چکر

**ابراھیم جلیس**

**I** **ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے:** **One Mark Questions**

۱ مضمون نگار نے ترکی کے کس مشہور ظریف کا ذکر کیا ہے؟ (K)

۲ ملّا نصیرالدین نے کوٹ کے چوری ہونے پر خدا کا شکر کیوں ادا کیا؟ (K)

۳ عائشہ کے شوہر نے بارہا کس بات سے منع کیا تھا؟ (K)

۴ عائشہ نے نماز پڑھنے کے بعد بآواز بلند کیا دعا مانگی؟ (K)

۵ ہمارے ملک کے شوہروں کو کس بات کا بڑا شوق ہے؟ (K)

۶ بہت سے سسرا اپنے دامادوں کے بالعموم شاکی کیوں ہوتے ہیں؟ (K)

۷ مضمون نگار کے مطابق عورتیں زیور پہننا چاہیں تو انہیں کیا پہننا چاہیے؟ (K)

۸ عورت کے جسم یا سیف ڈپازٹ میں زیور نہ ہو تو کیا سمجھنا چاہیے؟ (K)

۹ خوبصورتی زیور کی محتاج نہیں ہوتی، اس بات کو مضمون نگار نے کس شعر سے واضح کیا ہے؟ (K)

۱۰ 'زیور کا چکر' کس کا لکھا ہوا مضمون ہے؟ (K)

۱۱ 'زیور کا چکر' کا تعلق اردو نثر کی کس صنف سے ہے؟ (K)

**II** **ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے:** **Two Mark Questions**

۱ میر پور خاص کے محلّہ میں کیا واقعہ پیش آیا؟ (C)

۲ مضمون نگار کے مطابق عائشہ کی خبر کو پڑھ کر زیورات کی عاشق عورتیں کیا کریں گی؟ (C)

۳ عورتوں کو خاص طور پر ناک کا زیور کیوں نہیں پہننا چاہئے؟ (C)

۴ زیور مکان میں رکھنے سے کس بات کا اندیشہ ہوتا ہے؟ (C)

۵ ترقی یافتہ دور کی عورتوں کا زیور کے تعلق سے معاملہ کیسا ہوتا ہے؟ (C)

۶ عورتوں کو زیور بیچ کر کیا کرنا چاہے اور کیوں؟ (C)

۷ مضمون نگار نے عورت کی خوبصورتی کے لیے کونسے زیوروں کو ضروری قرار دیا ہے؟ (C)

**III** **ان سولاوں کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے:** **Four Mark Questions**

۱ مضمون نگار نے عورت کے زیور اور چوروں کے متعلق کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟ (C)

۲ میر پور کی خاتون عائشہ کے ساتھ پیش آئے واقعے کو اپنی زبان میں لکھیے؟ (C)

۳ والدین بیٹی کے جہیز میں زیور کیوں دیتے ہیں اور اکثر کیا ہوتا ہے؟ (C)

۴ مضمون نگار نے اس مضمون کے ذریعہ کیا پیغام دیا ہے؟ (C)

IV ان جملوں کی متن کے حوالے سے تشریح کیجیے: **Two Mark Questions**

ا ''ورنہ چور مجھے بھی چرا کر لے جاتے'' (K)

۲ ''کلمہ پڑھ کر سو جاؤ'' (K)

۳ ''میرا کان کاٹ لیا گیا ہے اور تم کلمہ پڑھنے کو کہہ رہے ہو'' (K)

.....................................